سوال

(904) تقویۃالایمان جس میں شرک کی بُرائی کا بیان ہے

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

علمائے دین وفضلائے محققین موحدین سے یہ ہے کہ کتاب مسمی بہ تقویۃالایمان تصنیف مولوی اسماعیل صاحب کی ،اورکتاب نصیحت المسلمین مولوی خرم علی صاحب کی، جس میں شرک کی بُرائی کا بیان ہے،ان دونوں کا کیا حال ہے ، آیا ان پر عمل کرنا اوران کے موافق عقیدہ رکھنا ہدایت ہے یاگمراہی اوران کا مضمون موافق اہلسنت کے ہے یا نہیں اور جو شخص ان کے مصنفوں کواوران پر عمل کرنے والوں کو بہ سبب اس تصنیف کے اور عمل کے کافراورگمراہ کہے اس کا کیا حال ہے اوراس کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں ۔ بینوا توجروا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

نصیحت المسلمین اس فقیر کی نظر سے نہیں گزری اور نہ اس کے مصنف کا تفصیلی حال معلوم ہے لیکن اگراس کتاب میں شریک کی بُرائی کا بیان ہے تواس کے اچھے ہونے میں کس کوکلام ہے اور تقویۃالایمان کو نظر اجمال سے دیکھا ہے باعتبار اصول اوراصل مقصود کے بہت خوب ہے اورمولوی اسماعیل صاحب کوایسا دیکھا کہ پھر کسی کوایسا نہ دیکھا، یہ لوگ ان میں سے ہیں کہ جن کے حق میں حق سبحانہ و تعالیٰ نے فرمایا ہے : ولتکن [1] منکم امتہ یدعون الی الخیرویامرون بالمعروف و ینھون عن المنکرواولئک ھم المفلحون اور فرمایا ان الذین امنواوالذین ھاجرواوجاھدوافی سبیل اللہ اولئک یرجون رحمۃ اللہ واللہ غفوررحیم ۔ یختص برحمتہ من یشاء واللہ ذوالفضل العظیم پس جوان کو کافراور گمراہ کہے وہ آپ گمراہ ہے ۔ واللہ اعلم بالصواب ۔

حررہ محمد صدرالدین   محمد صدرالدین

---

[1] تم میں سے ایک جماعت ہونی چاہیے جو بھلائی کی طرف بلاویں اوراچھے کام کا حکم کریں اور بُرائی سے روکیں اوریہی ہیں مراد پانے والے اورفرمایا ایمان والے اورمہاجراللہ کی راہ میں (جان ومال سے) کوشش کرنے والے اللہ کی رحمت کے امیدوار ہیں اوراللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے اوراللہ تعالیٰ جسے چاہے اپنی رحمت سے خاص کرے اوراللہ تعالیٰ بڑے فضل کا مالک ہے ۔